BRAMPTON

**Media Release**

برائے فوری اجراء

## کونسلر ڈھلون کے خلاف انٹیگریٹی کمشنر کی جانب سے جنسی ہراسگی کے مقدمے میں الزام ثابت ہونے پر عدالت نے کونسلر کو سٹی کو اخراجات کی ادائیگی کا حکم دیا ہے

برامپٹن، آن (11 جون 2021) – آج اونٹیریو سپیریئر کورٹ آف جسٹس – ڈویژنل کورٹ نے سٹی آف برامپٹن اور سٹی کے انٹیگریٹی کمشنر کے حق میں فیصلہ دے دیا ہے اور ڈھلون پر الزامات ثابت ہونے پر اُسے اخراجات کی ادائیگی کا حکم دیا ہے، کارپوریشن آف سٹی آف برامپٹن کے حق میں یہ فیصلہ کونسلر ڈھلون کے خلاف الزامات ثابت ہونے پر دیا گیا ہے اور کونسل نے انٹیگریٹی کمشنر کی جانب سے کونسلر پر ناشائستہ فعل کے مرتکب ہونے کے الزامات اور عدالتی فیصلے کو قبول کر لیا ہے۔

ڈویژنل کورٹ کی جانب سے جاری کیے جانے والے فیصلے پر سٹی نے خوشی کا اظہار کیا ہے، جس میں انٹیگریٹی کمشنر کی جانب سے کونسلر ڈھلون کے خلاف شکایت کو ثابت کرنے کے لیے پیش کیے جانے والے ثبوتوں اور سفارشات کی توثیق کی گئی ہے۔

قانونی کاروائی کے اخراجات کی مد میں سٹی اور انٹیگریٹی کمشنر میں سے ہر ایک کو 20,000.00$ دیے جانے کا حکم دیا گیا ہے۔

انٹیگریٹی کمشنر کی رپورٹ موصول ہونے کے بعد، عدالت نے کونسل کی جانب سے کی جانے والی کاروائیوں اور فیصلوں کی حمایت کی ہے۔

عدالت نے کونسلر ڈھلون پر عوام کے ساتھ رابطہ رکھنے کے حوالے سے بھی یہ پابندی لگا دی ہے کہ وہ عوام کے ساتھ صرف سٹی کے ای میل ایڈریس کے ذریعے ہی رابطہ کر سکتے ہیں اور اس حوالے سے کونسل کو مزید غور و فکر کرنے کی ہدایت جاری کی ہے۔ کونسل اس سفارش پر جلد از جلد عمل درآمد کرے گی۔

-30-

**لنک:** ڈھلون بنام کارپوریشن آف دی سٹی آف برامپٹن
اونٹیریو سپیریئر کورٹ آف جسٹس – ڈویژنل کورٹ رُولنگ
11 جون 2021

**کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 سے زائد لوگوں اور 75,000 سے زائد کاروباروں کا گھر ہے۔** ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ www.brampton.ca پر مزید جانیں۔

**میڈیا کنٹیکٹ**
مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 | Monika.Duggal@brampton.ca